© rasailojaraid.com

دعائیں اور دینی و دنیاوی پریشانیوں سے نجات کے لیے مختلف اوراد و وظائف اور تعویذات جمع کیے ہیں۔ مرتب چونکہ ایک پیر طریقت ہیں‘ اس لیے اہل تصوف کے معروف ذوق کے مطابق‘ بے اصل روایات اور بعض بزرگوں کے ایجاد کردہ اوراد و اعمال کا ایک بڑا ذخیرہ بھی شامل کتاب ہے۔

ان دونوں کتابوں پر قیمت درج نہیں اور انہیں مکتبہ قادریہ‘ واہگہ ضلع لاہور نے شائع کیا ہے۔ (ع-ن)

## ذکر کی اہمیت

اس کتابچہ میں مولانا ظفر احمد قادری نے ذکر الٰہی کی اہمیت اور ضرورت کے حوالے سے مولانا محمد منظور نعمانیؒ‘ مولانا شاہ محمد یوسفؒ‘ مولانا مسیح اللہ خان صاحب اور دیگر اہل علم کی متعدد تحریرات کو جمع کیا ہے۔ ۸۰ صفحات کے اس کتابچہ کی قیمت درج نہیں اور اسے مکتبہ قادریہ‘ واہگہ‘ ضلع لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔ (ع-ن)

## نجات کا راستہ

۱۱۲ صفحات کے اس کتابچہ میں عورتوں کی عبرت و نصیحت کے لیے احادیث‘ فقہی مسائل اور عبرت آموز واقعات کا مفید ذخیرہ جمع کیا گیا ہے۔ اس کے مرتب مولانا ظفر احمد قادری ہیں اور اسے مکتبہ قادریہ‘ واہگہ ضلع لاہور سے شائع کیا گیا ہے۔ (ع-ن)

> حکمت کی جڑ یہ ہے کہ آدمی ایک چیز اور دوسری چیز کے فرق کو جانے۔ رسول اللہ ﷺ مکہ میں ہر قسم کے ظلم کے باوجود ظالموں سے نہیں لڑے۔ مگر مدینہ میں حسب ضرورت آپ نے ظالموں کا مقابلہ کیا۔ غزوہ حمراء الاسد کا سفر باواز بلند کیا گیا مگر فتح مکہ کے سفر میں آپ نے بلند آوازی سے منع فرما دیا۔ معاہدہ حدیبیہ کے وقت آپ نے مکہ والوں کی یک طرفہ شرائط پر صلح کر لی۔ مگر بنو بکر اور بنو خزاعہ کا واقعہ پیش آنے کے بعد آپؐ نے مکہ کے سردار (ابو سفیان) کی تجدید صلح کی پیش کش کو قبول نہیں فرمایا وغیرہ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس دنیا میں کبھی بولنا ضروری ہوتا ہے اور کبھی یہ ضروری ہوتا ہے کہ آدمی اپنے منہ میں زبان رکھتے ہوئے چپ ہو جائے۔ کبھی حالات اقدام کرنے کا تقاضا کرتے ہیں اور کبھی اقدام نہ کرنے کا۔ کبھی آگے بڑھنا افضل ہوتا ہے اور کبھی یہ افضل ہوتا ہے کہ آدمی پیچھے کی سیٹ پر بیٹھنے کے لیے اپنے آپ کو راضی کر لے۔ اسی فرق کو جاننے کا نام حکمت ہے۔ (مولانا وحید الدین خان)

© rasailojaraid.com